نقد و نظر

تیس پروانے شمعِ رسالت کے

مصنف : طالب ہاشمی

ناشر : مکتبہ چراغِ اسلام - اردو بازار - لاہور

صفحات ۵۱۰ - کاغذ، کتابت، طباعت، جلد عمدہ - قیمت ۴۰ روپے

جناب طالب ہاشمی صاحب متعدد کتابوں کے مصنف اور نامور اہلِ قلم ہیں۔ ان کے مضامین بعض مشہور ماہ ناموں میں چھپتے رہتے ہیں اور قارئین ان کے مندرجات سے استفادہ کرتے ہیں۔ ان کی تازہ تصنیف "تیس پروانے شمعِ رسالت کے" حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ اس میں انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تیس صحابہ کرام کے حالات بیان کیے ہیں۔ زبان بڑی اچھی اور انداز و اسلوب دلکش ہے۔ جو کچھ بیان کیا ہے، مناسب تفصیل اور بہتر طریقے سے کیا ہے۔ مقدمہ ماہر القادری (مرحوم) نے تحریر کیا ہے۔ اس کتاب میں جن صحابہ کرام کے حالات لکھے گئے ہیں، ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں: حضرت زید بن حارثہ، حضرت زبیر بن العوام، مقداد بن عمرو، مصعب بن عمیر، ابوذر غفاری، سلمان فارسی، ابن ام عبد، حذیفہ بن یمان، خباب ابن الارت، عتبہ بن غزوان، عثمان بن مظعون، صہیب رومی، ابو عبداللہ سالم، طفیل ذوالنور، سعد بن معاذ، ابوایوب انصاری، خبیب انصاری، اسید بن حضیر، مثنی بن حارثہ، ضرار بن ازور اسدی، عدی بن حاتم طائی، جریر بن عبداللہ، صخر بن حرب، سعید بن عامر، سہیل بن عمرو، ثابت بن قیس انصاری، عمیر بن سعد، عمرو بن امیہ، ابوطلحہ زید بن سہل انصاری، ابوقتادہ حارث بن ربعی رضی اللہ عنہم۔

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تیس صحابی ہیں اور ان کے کارنامے نہایت اہم ہیں جو طالب ہاشمی نے بڑے اخلاص اور تحقیق کے ساتھ سپردِ قلم کیے ہیں۔ اس قسم کی کتابوں کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے تاکہ معلوم ہوسکے کہ تبلیغِ اسلام اور اشاعتِ دین کے لیے صحابہ کرام نے کیا کوششیں کیں اور اس میدان میں انھوں نے

کیا قربانیاں دیں۔ ان کا تذکرہ ایمان کی مضبوطی اور قلب و ذہن کی نرمی کا باعث ثابت ہوتا ہے۔

سہ ماہی فروزاں

ایڈیٹر : راجا رشید محمود

ملنے کا پتا : پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ۔ گلبرگ ۳ - لاہور

صفحات ۱۰۴ ؛ قیمت فی پرچہ ۵ روپے ، سالانہ ۲۰ روپے

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے سہ ماہی رسالہ "فروزاں" کا پہلا شمارہ (اپریل، مئی، جون ۱۹۸۱ء) پیش نگاہ ہے۔ یہ شمارہ اردو، پنجابی اور انگریزی تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اردو حصہ ۸۸ صفحات کو، پنجابی ۴ صفحات کو اور انگریزی حصہ ۱۲ صفحات کو محیط ہے۔

"فروزاں" جناب راجا رشید محمود کی ادارت میں جاری ہوا ہے اور اردو ٹائپ میں معروف اصحابِ علم کے تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے۔ کاغذ بھی عمدہ ہے۔ مضمون نگار حضرات ہیں پروفیسر محمد طاہر القادری، "فروزاں" کے ایڈیٹر راجا رشید محمود، جناب محمد عبد اللہ قریشی، پروفیسر رفیع اللہ شہاب، ڈاکٹر کرامت عظیم، محمد یونس قریشی اور میاں ظفر مقبول !

تمام مضامین علمی اور تحقیقی نوعیت کے ہیں۔ ان کے مطالعے سے بہت سی نئی چیزیں سامنے آتی ہیں اور دامنِ معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہم اپنے معزز قارئین سے سفارش کریں گے کہ وہ اس علمی رسالے کے خریدار بنیں اور اس کے مندرجات و مشمولات سے استفادہ کریں۔

انتخابِ حدیث

از: مولانا محمد جعفر شاہ پھلواروی

یہ کتاب ان احادیث کا مجموعہ ہے جو زندگی کی اعلیٰ قدروں سے تعلق رکھتی ہیں اور جن سے فقہ کی تشکیلِ جدید میں بہت مدد مل سکتی ہے۔ ہر حدیث کی الگ سرخی قائم کی گئی ہے اور اس کا سلیس ترجمہ بھی درج ہے۔ یہ مجموعہ حدیث کی چودہ کتابوں کا خلاصہ اور بے مثل انتخاب ہے۔

صفحات ۶۸۴ قیمت -/۴۵ روپے

ملنے کا پتا :- ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ ، کلب روڈ ، لاہور